**GOVERNMENT OF SINDH**
**Provincial Local Government Commission**
(Barrack No.94, Sindh Sectt. No..4-B Opp. Sindh Assembly Building)
Court Road, Karachi. Ph # (021) 9202657

**SAIYID YAQUB ZAIDI**
**MEMBER**

Karachi, dated the Sept. 08, 2003

# پیغام

مجھے یہ جان کر انتہائی مسرت ہوئی کہ جامعہ کراچی کے **کلیہ معارف اسلامیہ** کا ایک شعبہ **"القرآن والسنة"** تدریس کے ساتھ ساتھ تحقیق کی طرف بھرپور توجہ دے رہا ہے اور اس سلسلہ میں اردو/عربی پر مشتمل مضامین کے حوالہ سے ایک شش ماہی مجلّہ **"احیاء العلوم"** طبع کر رہا ہے۔

آج سے دو سال قبل سنڈیکیٹ کی جس کمیٹی نے اس شعبہ کی بنیاد رکھی میں اس کا ممبر تھا۔ الحمد للہ، شعبہ کے قیام کو دو برس ہو چکے اور طلبہ و طالبات کا ایک گروپ فارغ التحصیل ہو چکا جنھیں رواں سال کے Convocation میں اسناد عطا کی جائیں گی اور ہر سال اوّل آنے والے طالب علم کو طلائی تمغہ دیا جائے گا جسے Donate کرنے کی سعادت مجھے حاصل ہوئی۔

تحقیقی مجلّہ کے اجراء پر میں **شیخ الجامعہ، پروفیسر ڈاکٹر ظفر سعید سیفی**، رئیس کلیہ، صدر شعبہ، اساتذہ اور طلباء و طالبات کو مبارکباد دیتا ہوں اور امید کرتا ہوں کہ شعبہ درس و تدریس کے ساتھ ساتھ تحقیق کا یہ سلسلہ جاری رکھے گا۔

سید یعقوب زیدی

**(سید یعقوب زیدی)**
ممبر سنڈیکیٹ، جامعہ کراچی